سوال

جمعہ کے دن سیر وسیاحت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض لوگ جنگل یا سمندر کی طرف جمعہ کے دن جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمیں سیر وسیاحت کے لئے جمعہ کے دن ہی وقت ملتا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر اس سیر وسیاحت میں اگر وہ نماز جمعہ بھی ادا کر لیں تو پھر تو کوئی حرج نہیں اور اگر اس سیر وسیاحت کی وجہ سے نماز جمعہ ضائع ہوتی ہو تو پھر یہ سیر وسیاحت جائز نہیں کیونکہ اس سے فرض کا ضیاع لازم آتا ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص536

محدث فتویٰ